(*Translation*)

# THE HYDERABAD CATTLE TRESPASS ACT.

No. V of 1337 F.

Sections.

## CHAPTER I.

### PRELIMINARY.

1. Short title and commencement.

2. Repeal of enactments.

3. Definitions.

## CHAPTER II.

### GENERAL POWERS.

4. Powers of District Magistrate.

5. Powers of Taluq Magistrate.

6. Duties of police patel and pound-keepers.

# قانون جانوران اچکاری

نشان ۵ سنہ ۱۳۳۷ ف

دفعہ۔

## فصل اوّل

### مراتب ابتدائی۔

۱ مختصر نام وتاریخ نفاذ۔

۲ تنسیخ احکام۔

۳ تعریفات۔

## فصل دوم

### اختیارات عام۔

۴ اختیارات ناظم فوجداری ضلع۔

۵ اختیارات ناظم فوجداری تعلقہ۔

۶ فرائض کوتوالی پٹیل و محافظین کٹھگر۔

(*Translation*)

## CHAPTER III.

فصل سوم

### GENERAL PROVISIONS RELATING TO THE IMPOUNDING AND DISCHARGE OF ANIMALS.

امور عام متعلق دخول وخروج جانوران۔

7. Person in charge of land may seize cattle to be thereafter impounded.

۷ محافظ اراضی جانور گرفتار کرسکے گا اور بعد گرفتاری جانور کٹھگر میں داخل کیا جائیگا

8. Government servants may seize animals.

۸ ملازمین سرکاری جانور گرفتار کرسکتے ہیں۔

9. Entry of cattle in register and diary.

۹ جانور کا رجسٹر اور روزنامچہ میں اندراج۔

10. Rate of fine.

۱۰ شرح جرمانہ۔

11. Release of cattle from pound.

۱۱ کٹھگر سے مویشی کا اخراج۔

12. Impounding of cattle by order of Magistrate and issue of notice of sale by auction.

۱۲ بہ حکم ناظم فوجداری جانور کا کٹھگر میں داخل ہونا اور مشتہر بہ نیلام ہونا۔

13. Owner of cattle may apply for postponement of auction.

۱۳ مالک مویشی التوائے نیلام کی درخواست کرسکتا ہے۔

14. Mode of sale by auction.

۱۴ طریقہ نیلام۔

15. Crediting of amounts to appropriate heads of account.

۱۵ رقم کا مدات متعلقہ میں جمع ہونا۔

16. Constructing pounds from amount of fine.

۱۶ رقم جرمانہ کی آمدنی سے کٹھگر کی تعمیر۔

*(Translation)*

## CHAPTER IV.

### FILING OF COMPLAINTS.

17. Complaint.

18. Enquiry and finding.

19. Mode of recovery of fine.

20. Provisions of this Act not to prevent action in Court.

## CHAPTER V.

### PENALTIES.

21. Taluq Magistrate may award punishment.

22. Acts to constitute offences under law in force.

23. Order of Magistrate shall be final.

## CHAPTER VI.

### GENERAL PROVISIONS.

24. Power to appoint officers to supervise pounds.

25. Exemption from payment of court fees.

26. Powers.

27. High Court may make rules.



## فصل چہارم

### متعلق ارجاع نالش۔

۱۷ استغاثہ۔

۱۸ تحقیقات و تجویز۔

۱۹ طریقہ وصول جرمانہ۔

۲۰ احکام قانون ہذا مانع نالش نہیں ہیں۔

## فصل پنجم

### احکام سزا۔

۲۱ ناظم فوجداری تعلقہ سزا تجویز کرسکتا ہے۔

۲۲ قانون نافذہ کے مطابق افعال کا جرم قرار پانا۔

۲۳ ناظم فوجداری کا حکم قطعی ہوگا۔

## فصل ششم

### عام احکام۔

۲۴ عہدہ داران نگران کٹھگر کے تقرر کا اختیار۔

۲۵ رسوم عدالت سے استثناء۔

۲۶ اختیارات۔

۲۷ عدالت العالیہ قواعد مرتب کرے گی۔

( *Translation* )

# THE HYDERABAD CATTLE TRESPASS ACT.

No. V of 1337 F.

(*Received the assent of H. E. H. the Nizam on 24th Azur 1338 Fasli*).

Whereas it is expedient to consolidate and amend the law relating to trespass by cattle; It is hereby enacted as follows :—

## CHAPTER I.

### PRELIMINARY.

Short title and commencement.

1. This Act may be called the Hyderabad Cattle Trespass Act and shall come into force in the whole of H.E.H. the Nizam's Dominions from the date of its *publication in the Jarida.

*Published in the Jarida dated 15th Dai, 1338 F.

# قانون

# جانوران چکاری

## ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۵) سنہ ۱۳۳۷ ف

(پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۲۴ آذر ۱۳۳۸ ف منظور ہوا۔)

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ جانوران چکاری کے متعلق قانون ترمیم و تدوین کیا جائے۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:-

## فصل اول

### مراتب ابتدائی

مختصر نام و تاریخ نفاذ۔ دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون جانوران چکاری ممالک محروسہ سرکار عالی" موسوم ہوسکے گا اور

*(Translation)*

2. On the commencement of this Act, the Cattle Trespass Regulation shall be repealed.

Repeal of enactments.

3. In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,—

Definitions.

*[(1) 'Magistrate' means the Revenue officer who has been, under section 13 of the Hyderabad Code of Criminal Procedure, given by the Government, the powers of a Court in cases relating to this Act, but within the City Police limits the provisions contained in the Hyderabad City Police Act shall have effect ;]

Magistrate.

(2) "officer of police" means the police patel of a village, and where there is no police patel, the person who discharges the duties of a police patel, and every officer of police not below the rank of a Dafedar,

Officer of police.

*Amended by Act No. XVII of 1350 F.



تاریخ اشاعت جریدہ سے کل ممالک محروسہ
میں نافذ ہوگا۔

تنسیخ احکام۔ دفعہ ۲۔ تاریخ نفاذ
قانون ہذا سے دستور العمل جانوران چکاری منسوخ
ہوگا۔

تعریفات۔ دفعہ ۳۔ قانون ہذا میں
بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو۔

ناظم فوجداری۔ [(۱)۔ ناظم فوجداری
سے وہ عہدہ دار مال مراد ہے جس کو تحت دفعہ
۱۳ مجموعۂ ضابطۂ فوجداری سرکار عالی اس
قانون کے مقدمات کے متعلق کسی عدالت کے
اختیارات سرکار عالی سے عطا کئے گئے ہوں۔ لیکن
حدود کوتوالی بلدہ حیدرآباد میں احکام مندرجہ
قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد کے مطابق عمل ہوگا۔]

عہدہ دار کوتوالی۔ (۲) "عہدہ دار کوتوالی"
سے موضع کا کوتوالی پٹیل اور جہاں کوتوالی پٹیل

۵۔ جریدۂ اعلامیہ مورخہ ۱۵ اردیبہشت ۱۳۳۸ ف میں شائع ہوا۔
۵۔ ترمیم بہ موجب قانون نشان (۱۷) ۱۳۵۰ ف

نہ ہو وہاں وہ شخص جو کوتوالی پٹیل کی خدمت
انجام دیتا ہو اور نیز ہر ایسا ملازم کوتوالی جس کا
درجہ دفعدار سے کم نہ ہو مراد ہے۔

Seizer.

(3) "seizer" means any person who seizes any cattle trespassing and includes any person by whose order or permission such cattle is seized.

گرفتار کنندہ۔ (۳) "گرفتار کنندہ"
سے ہر ایسا شخص مراد ہے جو جانور چکاری گرفتار
کرے اور اس میں وہ شخص بھی داخل ہے جس کے
حکم یا اجازت سے جانور چکاری گرفتار کیا جائے۔

Cattle trespassing.

(4) "cattle trespassing" includes every kind of cattle seized under sections 7 and 8 :

جانور چکاری۔ (۴) "جانور چکاری" میں
ہر قسم کا مویشی داخل ہے جو حسب دفعات
۷ و ۸ گرفتار کیا جائے۔

Pound.

(5) "pound" means a Kondwada compound, banjar dudi or enclosure which is fenced and set apart for cattle trespassing ;

کٹھگر۔ (۵) "کٹھگر" سے کونڈواڑہ
چہار دیواری۔ بنجر ڈوڈی یا احاطہ مراد ہے۔
جو کسی طرح سے محصور کیا جا کر جانوران چکاری
کے لئے معین کیا جائے۔

Pound-keeper.

(6) "pound-keeper" includes a village police patel or watchman or a muzkuri who supervises a pound by order of a police patel and includes

محافظ۔ (۶) "محافظ" میں موضع کا
کوتوالی پٹیل۔ چوکیدار۔ مذکوری۔ جو بہ حکم

any person supervising a pound either on remuneration or as a servant.



کوتوالی میں پٹیل نگرانی کرتا ہو اور ہر ایسا شخص جو بذریعہ ملازمت یا اجرت محافظت کے لئے مامور کیا گیا ہو داخل ہے۔

## CHAPTER II.

## GENERAL POWERS.

## فصل دوم

## اختیارات عام

Powers of District Magistrate.

4. (1) The District Magistrate may establish suitable pounds in every taluq of a district, close to the Taluq Court and in every village or villages, wherever necessary, adjoining the police station or the Chowdi of the police patel (whichever site be convenient) and may determine the village which shall use a particular pound and proclaim it by beat of drum to the inhabitants of the villages and the police patel.

دفعہ ۴ (۱) – اختیارات ناظم فوجداری ضلع

ناظم فوجداری ضلع مجاز ہے کہ ضلع کے ہر تعلقہ میں مناسب کٹھگر قریب عدالت تعلقہ اور ہر موضع یا مواضعات میں بلحاظ ضرورت متصل تھانہ کوتوالی یا چاوڑی کوتوالی پٹیل (جہاں مناسب ہو) قائم کرے اور اس امر کا تعین کرے کہ کون موضع کس کٹھگر سے متعلق ہے اور بذریعہ منادی مواضعات کو اطلاع اور کوتوالی پٹیل کو معلوم کرا دے۔

*Explanation*—The pounds existing in taluqs and villages on the commencement of this Act, shall, unless required to be shifted, be deemed to have been established under this Act.

توضیح۔ جن تعلقات و مواضعات میں کٹھگر بوقت نفاذ قانون ہذا موجود ہوں تا وقتیکہ اس مقام کی تبدیلی کی ضرورت پیدا نہ ہو وہ بموجب قانون ہذا قائم کردہ متصور ہونگے۔

(*Translation*)

(2) The District Magistrate shall, a month before the commencement of each Fasli year, fix the rate of charge for feeding the impounded cattle, taking into consideration the season and the local conditions, and communicate the same to the Taluq Magistrate.

(3) The District Magistrate shall exercise a general supervision over the taluq and village pounds and may inspect the office records of any pound and issue necessary instructions.

5. The Taluq Magistrate may,—

Power of Taluq Magistrate.

(1) on the commencement of the year, cause the seal of his Court to be affixed to the registers kept by the police patel and attest them and issue necessary instructions with regard to the upkeep and arrangement of the office records ;

(2) cause a list to be prepared in the Taluq Court of the villages



(۲) ۔ ناظم فوجداری ضلع کو لازم ہے کہ آغاز سال فصلی سے ایک ماہ قبل خوراک جانوران چکاری کے لئے جو کٹھگر میں بند کئے جائیں شرح خوراک کا تعین بہ لحاظ موسم و حالات مقامی کر کے ناظم فوجداری تعلقہ کو اطلاع دے۔

(۳) ۔ تعلقات اور مواضعات کے کٹھگروں پر عام نگرانی رکھے اور جس کٹھگر کے متعلقہ دفتر کی تنقیح کرنا چاہے کرے اور ہدایات ضروری صادر کرے۔

اختیارات ناظم فوجداری تعلقہ ۔ دفعہ ۵ ۔ ناظم فوجداری تعلقہ مجاز ہوگا۔

(۱) ۔ آغاز سال پر رجسٹرات کوتوالی پٹیل پر مہر عدالت ثبت کرائے اور ان کی تصدیق کرے اور دفتر کی ترتیب و تہذیب کے متعلق بلحاظ ضرورت ہدایات کرے۔

(۲) ۔ عدالت تعلقہ میں ایک فہرست

having pounds and of those having no pounds;

ایسے مواضعات کی جہاں کٹھگر ہے یا نہیں مرتب کرائے ۔

(3) when required, call for and inspect the records and registers connected with the pound of the police patel and issue necessary instructions and ensure compliance therewith;

(۳) بہ لحاظ ضرورت دفتر و رجسٹرات متعلقہ کٹھگر کو توالی پٹیل کو طلب کرکے تنقیح کرے اور ہدایات مناسب صادر کرکے تعمیل کرائے ۔

(4) when necessary, appoint pound-keepers in accordance with sub-section (2) of section 26;

(۴) ۔ بہ لحاظ ضرورت محافظ کٹھگر کا تقرر بہ پابندی دفعہ ۲۶ ضمن ۲ کرے ۔

(5) exercise general supervision over the pounds of the villages under the taluq;

(۵) عام نگرانی کٹھگر مواضعات تحت تعلقہ پر رکھے ۔

(6) invite attention of the District Magistrate to the necessity of estab}ishing a pound or of suitably repair ing any pound or changing the site thereof in any village;

(۶) ۔ جس موضع میں قیام کٹھگر کی ضرورت ہو یا ترمیم و تبدیل مقام کٹھگر مناسب ہو اس کے متعلق ناظم فوجداری ضلع کو توجہ دلائے ۔

(7) causei in accordance with this Act, the dscharge from the pound and the impounding of cattle seized;

(۷) ۔ کٹھگر سے جانور گرفتار شدہ کا داخل و خارج حسب قانون ہذا کرائے ۔

(8) cause a list of the scale of fines and rate of charge for feeding the cattle trespassing to be posted at a conspicuous place in the Court in the language of the Court and in the

(۸) ۔ فہرست شرح جرمانہ و فہرست شرح خوراک جانوران چکاری منظر عام عدالت

*(Translation)*

local language, and direct the sale of the cattle trespassing and confirm such sale as final and take any action, give decisions and pass orders in cases relating to the cattle trespassing.

پر بزبان عدالت و مقامی آویزاں کرائے جانور چکاری کو بہ پابندی قانون ہذا نیلام کرنے کا حکم دے اور نیلام کی قطعیت کی منظوری صادر کرے اور ہر قسم کی کارروائی و تجویز اور حکم مقدمات جانوران چکاری میں صادر کرے۔

*Explanation* — In the absence of the Magistrate the Magistrate in charge may, if necessary, direct the sale on the appointed date, of cattle trespassing and confirm such sale as final or may pass any other order according to the exigency of the time.

توضیح ۔ نگران کار ناظم فوجداری بہ زمانہ غیر حاضری ناظم فوجداری مجاز ہے کہ بہ صورت ضرورت تاریخ مقررہ پر جانوران چکاری کو نیلام کرنے کا حکم دے اور نیلام کی قطعیت کی منظوری دے یا اور کوئی حکم مناسب بہ لحاظ ضرورت وقت صادر کرے۔

Duties of Police Patel and Pound-keepers.

6. The police patel or the pound-keeper—

فرائض کوتوالی پٹیل و محافظین کٹھگر۔

دفعہ ۶۔ کوتوالی پٹیل یا محافظ کٹھگر کا فرض ہوگا کہ:۔

(1) shall keep in proper order the registers and records pertaining to the cattle trespassing;

(۱) ۔ رجسٹرات و دفتر متعلقہ جانوران چکاری کی ترتیب و تہذیب باقاعدہ رکھے۔

(2) shall manage and supervise from time to time the village pound and stray cattle;

(۲) کٹھگر موضع اور جانوران آوارہ

کی نگرانی وانتظام وقتاً فوقتاً کرتا رہے ۔

(3) shall post at a conspicuous place in the chowdi a list of the rate of fine and of charges for feeding the cattle trespassing in the language of the Court and in the local language;

(۳) ۔ فہرست شرح جرمانہ اور فہرست شرح خوراک جانوران بمنظر عام چاوڑی پر بزبان عدالت و مقامی آویزاں رکھے ۔

(4) shall forthwith admit to the pound all cattle trespassing brought by the seizer and give him a receipt therefore, recording the fact in the register and diary of the pound; and make adequate arrangements for feeding and watering the cattle and refrain from putting impounded cattle to any use whatsoever,

(۴) ۔ جانوران چکاری کٹھگر میں داخل کرنے کے لئے جب گرفتار کنندہ لائے تو فوراً جانور کو کٹھگر میں داخل کرے اور گرفتار کنندہ کو رسید دے اور اس کا اندراج رجسٹر متعلقہ اور روزنامچہ میں کرے ۔ جانور کے چارہ پانی کا کافی طور پر انتظام کرے اور جانور گرفتار شدہ سے کوئی کام نہ لے ۔

(5) shall cause the milk of any impounded milch cattle like cows and buffaloes to be sold at the bazar rate and keep in deposit the sale proceeds and to remit the amount to the Taluq Court, obtaining a receipt therefor;

(۵) ۔ اگر کوئی دودھ والا جانور مثل گائے بھینس کے داخل کٹھگر ہو تو اس کا دودھ بہ نرخ بازار فروخت کرا کر اس کا ثمن جمع رکھے اور ختم ماہ پر عدالت تعلقہ میں ارسال کرکے رسید حاصل کرے ۔

(6) shall on the day on which any cattle is admitted to he pound, proclaim the fact before sunset to the inhabitants of the village by beat of drum;

(۶) ۔ جس روز جانور کٹھگر میں داخل ہو اسی روز غروب آفتاب سے قبل بذریعہ منادی رعایائے

(*Translation*)

موضع کو معلوم کرائے ۔

(7) shall prevent resistance offered by any person to the seizure of any cattle trespassing or an attempt made to release any such cattle from the seizer's custody, and invoke the assistance of the police or of the public, if necessary;

(۷) کسی جانور چکاری کی گرفتاری پر اگر کوئی شخص مزاحمت کرے یا گرفتار کنندہ سے چھڑانے کی کوشش کرے تو مزاحمت مذکور کو رفع کرے اور بہ صورت ضرورت کوتوالی اور عامہ خلائق سے مدد لے ۔

(8) shall, the owner or his agent when upon appearing before him within five days from the date of seizure to claim the cattle and proving to his satisfaction that the seized cattle belongs to him, discharge such cattle from the pound having re covered the amount of fine and charges for feeding, if any, and deliver it to the owner or agent, obtaining receipt therefor, and make entry thereof in the register and diary of the pound, grant ing a receipt to the remitter for the amount;

(۸) ۔ تاریخ گرفتاری سے اندرون (۵) یوم مالک یا کارندہ حاضر ہو کر جانور کا طالب ہو اور اس امر کا اطمینان دلائے کہ جانور گرفتار شدہ اس کا ہے تو زر جرمانہ اور خوراک اگر کچھ صرف ہوا ہو وصول کرکے اس کا اندراج روزنامچہ اور رجسٹرات متعلقہ میں کرے اور جانور کٹھگر سے خارج کرکے باخذ رسید حوالہ کرے اور زر وصول شدہ کی رسید داخل کنندہ کو دے ۔

(9) shall when the owner or his agent does not claim the cattle in spite of its being kept in the village pound for five days from the date of seizure, send such cattle after expiry of the said period with a report to the concerned Magistrate without unnecessary delay;

(۹) ۔ جب تاریخ گرفتاری سے (۵) یوم تک جانور کٹھگر موضع میں رکھنے کے باوجود کوئی مالک یا کارندہ جانور کا طالب نہ ہوا ہو تو بعد ختم میعاد مذکور بلا توقف غیر ضروری جانور مذکور بذریعہ

(10) unless directed by the Magistrate, shall not discharge any cattle admitted to the pound or make entry thereof in the pound register without recovering the fine and other necessary charges.

*Explanation*— Pound-keepers shall be deemed to be Government servants for the purposes of this section.

## CHAPTER III.

## GENERAL PROVISONS RELATING TO THE IMPOUNDING AND DISCHARGE OF ANIMALS.

Person in charge of land may seize cattle to be thereafter impounded.

7. When any cattle trespassing on any land, premises, or garden, causes damage to any plant, grass, crop, tree or property, the owner or person in charge of such land, premises or garden and any other person whose interest is thereby prejudiced may, having seized or caused to be seized such animals, admit them forthwith to the pound established for the village in which the damage to the property has been caused or the cattle have been seized. All



رپورٹ ناظم فوجداری متعلقہ کے پاس روانہ کرے۔

(۱۰) ۔ کوتوالی پٹیل مجاز نہ ہوگا کہ کسی جانور کو کٹھگر میں داخل ہونے کے بعد بغیر حاصل کرنے زرجرمانہ و مصارف ضروری کے کٹھگر سے خارج کرے یا اُس کے اخراج کا عمل رجسٹر متعلقہ میں کرے بجز اس کے کہ ناظم فوجداری نے ایسا حکم دیا ہو۔

توضیح ۔ دفعہ ہذا کی اغراض کے لئے محافظ کٹھگر سرکاری ملازم متصور ہوں گے۔

## فصل سوم

## امور عام متعلق دخول وخروج جانوران۔

محافظ اراضی جانور گرفت کر سکیگا اور بعد گرفتاری جانور کٹھگر میں داخل کیا جائے گا۔

دفعہ ـ جب کوئی جانور کسی اراضی یا احاطہ یا باغ میں داخل ہو کر کسی پودے یا گھانس یا فصل یا کسی درخت یا کسی جائداد کو نقصان پہونچائے تو اُس اراضی یا احاطہ یا باغ کے مالک یا محافظ کو اور ہر ایسے شخص کو جس کے حق کو نقصان پہونچے۔ اختیار

(*Translation*)

officers of village and police shall, when required, aid in the seizure of such cattle and prevent resistance to such seizure offered by any person or while the cattle are taken to the pound or impounded, or shall prevent illegal rescue from the pound by any person.

Government servants may seize animals.

8. The persons or the Government servants in charge of public roads, pleasure grounds, plantations canals, pipes, reservoirs, embankments and the like and also officers of police may, under section 7, seize any cattle doing damage to or spoiling the aforesaid places or found straying thereon without a keeper and send them forthwith to the concerned pound.



ہوگا کہ اُس جانور کو گرفتار کرکے یا گرفتار کراکر اُس موضع کے متعلقہ کٹھگر میں بلا توقف غیر ضروری داخل کرے جس کے حدود میں جائداد کو نقصان پہونچا ہو یا جہاں جانور گرفتار ہوا ہو تمام ملازمین دیہی و کوتوالی کو لازم ہوگا کہ عند الضرورت جانور کی گرفتاری میں مدد دیں اور اگر کوئی شخص جانور گرفتار کرتے وقت یا کرنے کے بعد راستہ میں لے جاتے وقت یا جانور کٹھگر میں داخل کرتے وقت مزاحمت کرے یا جانور کٹھگر سے ناجائز طور سے چھڑالے جانا چاہے تو ایسے ناجائز فعل کرنے والے کو باز رکھیں۔

ملازمین سرکاری جانور گرفتار کرسکتے ہیں۔

دفعہ ۸ ۔ جن اشخاص یا ملازمین سرکاری کے ذمہ شارع عام ۔ سیرگاہ ۔ درختوں کے پودے پانی کی نہر ۔ نل ۔ حوض اور پشتہ وغیرہ کا اہتمام ہو وہ اور ملازمین کوتوالی مجاز ہیں کہ کوئی جانور جو مقامات مذکورہ کو نقصان پہونچاتا ہوا یا خراب کرتا ہوا یا ایسے مقامات پر بلا کسی محافظ کے چھٹا ہوا پایا جائے تو حسب دفعہ ۷ گرفتار کرکے بلا توقف

*(Translation)*

*Explanation*—Nothing herein contained shall apply to cattle allowed to go astray in accordance with some religious observance.

Entry of cattle in register and diary.

9. When cattle are admitted to a pound under sections 7 and 8, the police patel shall make an entry of the fact in the pound registers giving the seizer a receipt therefor and shall make adequate arrangements for their safe custody and maintenance.



داخل کٹھگر متعلقہ کریں۔

**مستثنیٰ** :۔ دفعہ ہذا کا کوئی مضمون ایسے جانوروں سے متعلق نہ ہوگا جو مذہبی اعتقاد کی بناء پر چھوڑے جاتے ہیں۔

جانور کا رجسٹر اور روزنامچہ میں اندراج۔

**دفعہ ۹**۔ جب جانور حسب منشاء دفعات ۷ و ۸ داخل کٹھگر ہو تو کوتوالی پٹیل پر لازم ہوگا کہ اُس کے داخل ہونے کا اندراج رجسٹرات متعلقہ کٹھگر میں کرکے گرفتار کنندہ کو رسید دے اور جانور کی حفاظت اور پانی و چارہ مقررہ کے دینے کا کافی انتظام رکھے۔

Rates of fines.

*[10. Fines in regard to the cattle mentioned in the foregoing sections, shall be levied at the following rates, namely :–

| Name of cattle. | Amount of fine per head |
|---|---|
| 1) Elephant and its young. | Fifteen rupees. |
| 2) Camel and its young. | Seven rupees eight annas. |
| 3) Horse and its young. | Three rupees. |
| 4) He-buffalo, she-buffalo and its young. | Two rupees eight annas. |
| 5) Bullock, cow and the young of cow. | Two rupees. |

*Substituted by Act No. XXXIV of 1950.

| | |
|---|---|
| 6) Pony, gelding or mule. | *[Two rupees.] |
| 7) Ass, pig and their young. | *[one rupee eight annas.] |
| 8) Goat, sheep, ram and their young. | One rupee. |

Provided that when from the report of the District Magistrate the Government are convinced that in any particular area cattle are allowed to go at large by their owners with intent to cause damage to the crops, the Government may by notification in the Jarida direct that for such areas the rates of fine laid down in this section shall be doubled. Government may also, at any time by notification in the Jarida, modify or cancel the said notification.]

*Amended by Act No. XIX of 1956.

*(Translation)*

Release of cattle from pound.

11. When the owner of the impounded cattle or his agent appears before the police patel or the pound-keeper and claims such cattle within five days from the date of their seizure, he shall, after satisfying himself as regards his claims to ownership of the cattle and having recovered the fine and fodder charges (if any) from him, deliver the cattle to the claimant after obtaining a receipt from him. A receipt for fine and fodder charges shall be granted to the owner of the cattle or his agent. In case the fine is not paid or the owner fails to appear before him, within the said period of five days, the police patel shall write off the cattle from the register and send them with a report to the Magistrate concerned.

*Explanation*—The report shall state the date of seizure, the name of the seizer, the kind, description and number of cattle and their approximate value together with other material particulars.



کٹھگر سے مویشی کا اخراج - دفعہ ۱۱ - گرفتاری سے

پانچ یوم کے اندر مالک مویشی یا اُس کا کارندہ حاضر ہوکر کوتوالی پٹیل یا محافظ کٹھگر سے جانور گرفتار شدہ کا طالب ہو تو کوتوالی پٹیل یا محافظ کٹھگر جانور مطلوبہ کے مالک ہونے کا اطمینان کر کے اور زرجرمانہ اور مصارف خوراک (اگر کچھ ہوئے ہوں) وصول کرنے کے بعد جانور باخذ رسید حوالہ کرے گا اور زرجرمانہ و خوراک کی رسید مالک مویشی یا اُس کے کارندہ کو دی جائے گی۔ اور بصورت زرجرمانہ وغیرہ ادا نہ کرنے کے یا پانچ یوم تک مالک جانور حاضر نہ ہونے کی حالت میں کوتوالی پٹیل جانور کو رجسٹر سے خارج کر کے معہ رپورٹ ناظم فوجداری متعلقہ کے پاس بھیجدے گا۔

توضیح - رپورٹ میں تاریخ گرفتاری نام گرفتار کنندہ قسم مویشی حلیہ مویشی تعداد اور اس کی قیمت تخمینی اور دیگر ضروری امور لکھے جائیں گے۔

*(Translation)*

Impounding of cattle by order of Magistrate and issue of notice of sale by auction.

12. (1) When the cattle are delivered in the office of the Magistrate concerned with a report, he shall direct that—

(a) a file of the case be opened and the report registered ;

(b) the cattle be admitted to the pound after being identified ;

(c) notice allowing ten day's time be issued ,

(d) after issue of the notice the file be put up on........................(the date to be fixed).

(2) The concerned pound-keeper shall, in persuance of a Magistrate's order, the concerned pound-keeper shall admit the cattle to the pound and arrange for their maintenance and feeding and watering in the manner referred to in the foregoing sections, and where fodder charges are required, he shall submit a report to the Magistrate, and obtain his sanction therefor and maintain regular accounts.

بہ حکم ناظم فوجداری جانور کا کٹھگر میں داخل ہونا اور مشتہر بہ نیلام ہونا۔

دفعہ ۱۲ - (۱) جب جانور بذریعہ رپورٹ ناظم فوجداری متعلقہ کے دفتر میں پہونچے تو ناظم فوجداری حسب ذیل احکام صادر کرے گا۔

(الف) بہ ترتیب مثل رپورٹ درج رجسٹر کی جائے۔

(ب) - جانور بعد تطبیق حلیہ داخل کٹھگر کیا جائے۔

(ج) - اشتہار میعادی (۱۰) یوم جاری ہو۔

(د) - بعد اجرائی اشتہار مثل بتاریخ (جو مقرر کی جائے گی) پیش ہو۔

(۲) - بہ تعمیل حکم ناظم فوجداری محافظ کٹھگر متعلقہ جانور کو داخل کٹھگر کرکے اسی طرح نگرانی اور پانی و چارہ کے انتظام کا ذمہ دار رہے گا۔ جیسا کہ اوپر کی دفعات میں ذکر کیا گیا ہے اور مصارف خوراک کی ضرورت

*(Translation)*

(3) On the same day, if possible, or on the next day, a notice of sale by auction in the language of the Court and in the local vernacular shall be issued in quadruplicate of which the original shall be posted at a conspicuous place in the Court, the second copy in the nearest police station or out-post and the third copy shall be displayed at the pound wherein the cattle were impounded after seizure, with a proclamation by beat of drum and the fourth copy along with report of compliance shall be kept in the file.

The notice shall state the following particulars :—

(i) the serial number,
(ii) the kind of cattle,
(iii) the number of cattle,
(iv) the description,
(v) the place where seized,
(vi) the place of sale of cattle,
(vii) the date of sale,
(viii) the conditions of sale,



ہونے پر محافظ کٹھگر رپورٹ پیش کرکے ناظم فوجداری سے منظوری حاصل کرے گا اور حساب باقاعدہ رکھے گا۔

(۳) ـ اگر ممکن ہو تو اسی روز یا دوسرے روز اشتہار بہ زبان عدالت و مقامی نیلام جاری کیا جائے گا جس کے چار پرت ہوں گے۔ پرت اول منظر عام عدالت پر ـ پرت دوم قریب ترین تھانہ یا چوکی کوتوالی پر پرت سوم اُس کٹھگر پر جہاں جانور بعد گرفتاری داخل ہوا بہ آواز ڈھول چسپاں کیا جائے گا۔ اور پرت چہارم تعمیل کیفیت کے ساتھ شریک مثل رہے گا۔

اشتہار میں ابواب ذیل درج ہونگے:۔

(۱) نشان شمار ـ (۲) قسم مویشی (۳) تعداد و راس ـ (۴) حلیہ ـ (۵) مقام جہاں مویشی گرفتار ہو (۶) وہ مقام جہاں مویشی نیلام ہوگا۔ (۷) تاریخ نیلام (۸) شرائط نیلام ـ

(*Translation*)

(4) If within the period mentioned in the notice, the owner of the cattle, or his agent, appears before the Magistrate to claim the cattle, the Magistrate shall summarily satisfy himself as to the ownership of the cattle, and the claimant's ownership having been proved, make an order for payment of the amount specified in section 10 together with fodder charges (if any), and on payment of the necessary charges the cattle shall be delivered to the owner and a receipt issued for the amount realised.

Where the claimant fails to appear, the cattle shall be sold by auction on the date notified and the sale proceeds shall, after deducting the expenses necessarily incurred on the cattle, be held in deposit for three months.

Owner of cattle may apply for postponement of auction.

13. When a claimant of the seized cattle appears and the investigation of his claim is not completed before the date notified for auction, the claimant may apply to the Magistrate for postponement of auction, whereupon the Magistrate shall



(۴)۔ اگر مالک مویشی یا کارندہ دوران میعاد اشتہار میں حاضر ہو کر دعویدار مویشی کا ہو تو ناظم فوجداری ملکیت کا اطمینان سرسری طور پر کرے گا۔ اور دعویدار کی ملکیت ثابت ہونے پر رقم مصرحہ دفعہ (۱۰) اور مصارف خوراک (اگر کچھ ہوں) کے داخل کرنے کا حکم دے گا اور بعد ادائی مصارف لازمی مویشی مالک کے حوالہ کیا جائے گا اور رقم وصول شدہ کی رسید دی جائے گی۔

بہ صورت عدم حاضری دعویدار تاریخ مقررہ پر مویشی نیلام کیا جائے گا۔ اور بعد وضع اخراجات لازمی بقیہ زرثمن تین ماہ تک بہ مد امانت جمع رہے گا۔

مالک مویشی التوائے نیلام کی درخواست کر سکتا ہے۔

دفعہ ۱۳۔ اگر جانور گرفتار شدہ کی نسبت دعویدار رجوع ہو اور تاریخ مشتہرہ نیلام تک دعویٰ تکمیل تحقیقات کی حد تک نہ پہونچے تو دعویدار کو حق ہوگا کہ ناظم

*(Translation)*

direct that from the date on which the auction is postponed, the necessary charges incurred on the cattle claimed shall be paid by the claimant and the cattle shall be delivered to him on his executing a bond. Where no application is made for postponement of auction, the cattle shall be sold by auction and if the owner's claim is established, he shall be entitled to receive such amount from the sale proceeds, as may remain after deducting the amount specified in section 10 and the fodder-charges incurred.

نو جداری سے درخواست التوائے نیلام
کی کرے ناظم فوجداری تاریخ التوا
سے مصارف جانور مدعوہ کا بار بذمہ
دعویدار عائد کر کے مصارف لازمی کے
داخل کرنے کا حکم دے گا۔ اور جانور دعویدار
کے حوالے باخذ مچلکہ کیا جائے گا۔ اور بصورت
نہ پیش ہونے درخواست التوا جانور نیلام
کر دیا جائے گا اور دعوی ثابت ہونے پر
بعد وضع رقم مصرحہ دفعہ (۱۰) اور مصارف
خوراک بقیہ زر ثمن مالک جانور پا سکے گا۔

**Mode of sale by auction.**

14. The sale of cattle by auction shall be conducted in the manner prescribed by the Hyderabad Code of Civil Procedure.

**طریقہ نیلام** - **دفعہ ۱۴** - جانور کا نیلام
اسی طریقہ سے ہوگا جیسا ضابطہ دیوانی
سرکار عالی میں محکوم ہے۔

**Crediting of amounts to appropriate heads of account.**

15. The amounts realised under the provisions of this Act, shall be credited to appropriate heads of account; for example fodder charges shall be shown under the head, cattle fodder charges and fine under the

**رقم کا مدات متعلقہ میں جمع ہونا** - **دفعہ ۱۵** -
بموجب دفعات مصرحہ قانون ہذا رقم
وصول ہونے کے بعد ہر مد کی رقم مد متعلقہ
میں جمع کی جائے گی۔ مثلاً مد خوراک جانوران

(*Translation*)

head, fines. In case where cattle are sold by auction, the amount of sale-proceeds remaining after deducting the expenses, shall be held in deposit for three months and shall be paid to the rightful claimant on his making application within the period; otherwise after expiry of the said period shall be deposited to the credit of the Government.

*Explanation* :—The amount realised under sub-section (5) of section 6 shall be deposited to the credit of the *[Government.]

Constructing pounds from amount of fine.

16. The District Magistrate may after obtaining sanction under section 26, construct and repair the village and taluq pounds utilizing the amounts realised under section 10.

*Amended by Act No. III of 1308 F.



کی مدخوراک جانوران میں اور مد جرمانہ کی مد جرمانہ میں جانوران کے نیلام ہونے کی صورت میں بعد وضعات اخراجات مذکور اگر کچھ رقم بچے گی وہ بہ مد امانت تین ماہ تک جمع رہے گی جو شخص مستحق کو اندرون میعاد درخواست پیش ہونے پر دی جائے گی ورنہ بعد انقضائے میعاد مذکور بحق [سرکار عالی] جمع کی جائے گی۔

توضیح ۔ جو رقم حسب دفعہ ۶ ضمن ۵ وصول ہوگی وہ بحق [سرکار عالی] جمع کی جائے گی۔

رقم جرمانہ کی آمدنی سے کٹھگر کی تعمیر۔

دفعہ ۱۶ ۔ اُن رقوم سے جو حسب دفعہ ۱۰ وصول ہوں ناظم فوجداری ضلع بہ حصول منظوری حسب دفعہ ۲۶ مواضعات و تعلقہ کے کٹھگر کی تعمیر و ترمیم کر اسکتا ہے۔

سہ ترمیم بہ موجب قانون نشان ۳ ۱۳۰۸ف

## CHAPTER IV.

### *Filing Of Complaints.*

Complaint. 17. (1) Any person whose cattle have been seized and impounded under this Act, may at any time within ten days from the date of seizure, lodge a complaint in person or by an agent or by any authorised person, acquainted with the facts of the case. The complaint shall state the following particulars :—

(i) the name of the complainanant with father's name, residence, and occupation and age ;

(ii) the name of the seizer with father's name, residence, occupation and age ;

(iii) the kinds of cattle and their number ;

(iv) the description of cattle ;

(v) the date of seizure ;

(vi) the place of seizure specifying the pound wherein the cattle were impounded after seizure ;



## فصل چہارم

### متعلق ارجاع نالش۔

استغاثہ۔ دفعہ ۱۷۔ (۱) ہر شخص جس کے مویشی حسب قانون ہذا گرفتار ہو کر بند کئے گئے ہوں تاریخ گرفتاری سے دس یوم کے اندر کسی وقت استغاثہ اصالتاً یا بذریعہ کارندہ یا شخص مجاز کے جو حالات مقدمہ سے واقف ہو پیش کرنے کا مجاز ہوگا۔ استغاثہ میں امور ذیل کا اندراج ہوگا:—

(۱) نام مدعی بہ صراحت ولدیت وسکونت وپیشہ وعمر۔

(۲) نام گرفتار کنندہ بقید ولدیت وسکونت وپیشہ وعمر۔

(۳) قسم مویشی مع تعداد راس۔

(۴) حلیۂ مویشی۔

(۵) تاریخ گرفتاری۔

(۶) مقام گرفتاری بہ صراحت کٹھگر جس میں بعد گرفتاری جانور داخل ہوا۔

(*Translation*)

(vii) the grounds on which ownership is claimed;

(viii) request.

(2) Where a complaint is not made in writing, the Magistrate may record the complainant's statement on oath which, among other things, may also specify the particulars required to be mentioned in the complaint.

**Enquiry and finding.**

18. (1) If after recording the statement of the complainant on oath, the Magistrate has reason to believe that his cattle have been seized, he shall, after summoning the person complained against, make a summary enquiry into the case, and if the seizure is proved to be unlawful, shall award to the complainant compensation not exceeding fifty rupees for the loss or damage caused by the seizure and detention of his cattle. The Magistrate shall also charge the seizer with so much of expenses and fine as have been or may have been charged to the owner of the cattle.



(۷) وجوہ ادعاء ملکیت ۔

(۸) استدعاء ۔

(۲) استغاثہ تحریری پیش نہ ہونے کی صورت میں جائز ہے کہ ناظم فوجداری بیان حلفی مستغیث کا قلم بند کرے جس میں علاوہ اور امور کے اُن امور کی بھی صراحت کی جاسکے گی جن کا ذکر استغاثہ میں ہونا چاہئے۔

**تحقیقات و تجویز ۔**

دفعہ ۱۸ ۔ (۱) مستغیث کا بیان حلفی قلم بند کرنے کے بعد ناظم فوجداری کو باور کرنے کی وجہ ہو کہ گرفتاری جانور کی عمل میں آئی ہے تو ناظم فوجداری کو لازم ہے کہ مدعی علیہ کو طلب کرکے مقدمہ کی تحقیقات بہ طور سرسری کرے اور گرفتاری خلاف قانون ثابت ہونے پر ناظم فوجداری کو اختیار ہوگا کہ مستغیث کو اُس نقصان یا ہرجہ کی بابت جو جانور کی گرفتاری اور بند رکھنے کے سبب ہوا ہے ہرجہ دلائے جس کی تعداد پچاس روپیہ سے زائد نہ ہو ۔

*(Translation)*

ناظم فوجداری کو یہ بھی لازم ہے کہ اُس قدر مصارف و جرمانہ کا بار بذمہ گرفتارکنندہ عائد کرے جو بذمہ مالک مویشی عائد ہوئے ہوں یا عائد ہو سکتے ہیں۔

*Explanation*—Where the charges for release of any cattle have been paid by the owner, they shall be refunded to him by recovery from the seizer; otherwise they shall be recovered from the seizer and credited to appropriate heads of account.

توضیح - جانور کے چھڑانے کے اخراجات اگر مالک جانور نے ادا کر دیئے ہیں تو ایسے تمام مصارف مالک جانور کو گرفتارکنندہ سے دلائے جائینگے بصورت ادا نہ کرنے کے گرفتارکنندہ سے وصول کرکے مدات متعلقہ میں جمع کئے جائیں گے۔

(2) If the cattle have not been released from the pound, the Magistrate shall direct their release.

(۲) - جانور کٹھگر سے اگر نہ چھوڑا گیا ہو تو اُس کے چھوڑنے کا حکم دیا جائے گا۔

Mode of recovery of fine.

19. The damages or fines to be imposed under this Act on the person complained against, shall be recovered in the manner prescribed for recovery of fines in the Hyderabad Code of Criminal Procedure.

طریقہ وصول جرمانہ - دفعہ ۱۹ - جو ہرجہ یا جرمانہ حسب قانون ہذا مدعی علیہ پر عائد کیا جائے گا اُس کے وصول کرنے

*(Translation)*

20. If damage is caused to any person's property from trespass by cattle, nothing shall prevent such aggrieved person from taking action in a Civil or Criminal Court.

Provisions of this Act not to prevent action in Court.

## CHAPTER V.

*Penalties.*

21. A Taluq Magistrate may, on conviction, inflict punishment on the following persons :—

Taluq Magistrate may award punishment.



کا وہی طریقہ اختیار کیا جائے گا جو جرمانہ فوجداری کے لئے ضابطہ فوجداری سرکار عالی میں مقرر ہے

احکام قانون ہذا مانع نالش نہیں ہیں۔

دفعہ ۲۰۔ اگر کسی شخص کی جائداد کو جانور چکاری کے سبب نقصان پہنچے تو کوئی امر اس کے مانع نہ ہوگا کہ شخص متضرر عدالت فوجداری یا عدالت دیوانی میں چارہ کار اختیار کرے۔

## فصل پنجم

احکام سزا

ناظم فوجداری تعلقہ سزا تجویز کرسکتا ہے۔

دفعہ ۲۱۔ ناظم فوجداری تعلقہ مجاز ہے کہ جرم ثابت ہونے پر حسب ذیل اشخاص کے متعلق سزا تجویز کرے۔

(1) any person who, in contravention of this Act, forcibly obstructs the seizure of cattle or after seizure forcibly rescues them before or after their admission to the pound, he shall be punished with imprisonment which may extend to one month or with fine which may extend to one hundred rupees or with both ;

(۱) - جو شخص گرفتاری جانور میں خلاف قانون ہذا بالجبر مزاحمت کرے یا بعد گرفتاری کٹھگر میں داخل ہونے سے قبل یا بعد جانور کو بالجبر چھڑالے تو اُس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد ایک مہینہ تک ہوسکے گی۔ یا جرمانہ کی جس کی تعداد (۱۰۰) تک ہوسکے گی یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔

(2) any person who, being in charge of the register of pound, fails to make entries of income and expenditure therein or fails to issue a receipt to the person entitled to it or does any other thing contrary to the purposes of this Act, which is not specifically mentioned herein, he shall be liable to fine which may extend to two rupees ;

(۲) - ہر شخص جس کے ذمہ رجسٹرات متعلقہ کٹھگر ہوں رجسٹرات مذکور میں ابواب آمدنی وخرچ کا اندراج نہ کرے یا شخص مستحق کو رسید نہ دے یا اور کوئی عمل خلاف اغراض قانون ہذا کرے جس کا ذکر صراحتاً اس قانون میں نہیں کیا گیا تو وہ مستوجب سزائے جرمانہ ہوگا جس کی تعداد دو روپیہ تک ہوسکے گی۔

(*Translation*)

(3) any police patel, pound-keeper or an official, who being entrusted with the performance of the duties under this Act, acts dishonestly, negligently or carelessly or commits criminal breach of trust, he shall be punished with fine which may extend to fifty rupees or shall be removed from service. The fine so imposed may be recovered by deduction from his salary or wages.

(4) Officers of police, or other officers concerned or pound-keepers, shall not, directly or through any person, purchase any cattle at an auction. Every such offender shall on conviction, be punished with fine not exceeding fifty rupees.

22. The provisions of this Act



(۳)۔ کوتوالی پٹیل یا محافظ یا عہدہ دار جس کے ذمہ قانون ہذا کے فرائض ہوں خلاف قانون بدنیتی یا غفلت یا بے احتیاطی عمل میں لائے یا خیانت مجرمانہ کا مرتکب ہو تو وہ مستوجب سزائے جرمانہ ہوگا جس کی تعداد پچاس روپیہ تک ہو سکے گی یا خدمت سے علحدہ کر دیا جائے گا یہ جرمانہ تنخواہ یا حق المحنت سے وضع ہو کر وصول ہو سکتا ہے۔

(۴)۔ ملازمین کوتوالی یا عہدہ داران متعلقہ یا محافظ کٹھگر مجاز نہ ہوں گے کہ کسی جانور کو نیلام میں بذات خود خریدیں یا کسی دوسرے شخص کے ذریعہ سے خریدیں ہر ایسے ملزم پر جرم ثابت ہونے پر جرمانہ کیا جا سکے گا جس کی تعداد پچاس روپیہ سے زیادہ نہ ہوگی۔

قانون نافذہ کے مطابق افعال کا جرم قرار پانا۔

دفعہ ۲۲۔ اگر افعال مذکورہ

Acts to constitute offence, under law in force.

shall not have effect in the case of acts mentiontioned in this Act which constitute an offence under any other law for the time being in force.

قانون ہذا کسی اور قانون نافذہ کے مطابق جرم قرار دئے جا سکتے ہوں اس پر قانون ہذا کا کوئی اثر نہ ہوگا۔

Order of Magistrate shall be final.

23. No appeal shall lie against an order of a Magistrate passed under this Act.

ناظم فوجداری کا حکم قطعی ہوگا۔

دفعہ ۲۳۔ ناظم فوجداری کے حکم کا جو حسب قانون ہذا صادر ہوا ہو مرافعہ نہ ہو سکے گا۔

## CHAPTER VI.

## فصل ششم

### GENERAL PROVISIONS.

### عام احکام۔

Power to appoint officers to supervise pounds.

24. The Governmenf may appoint one or more supervising officers for the supervision of pounds.

عہدہ داران نگران کٹھگر کے تقرر کا اختیار۔

دفعہ ۲۴۔ سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ کٹھگر کی نگرانی کے لئے ایک یا زیادہ عہدہ داران نگران مقرر کرے۔

Exemption from payment of court-fees.

25. All applications made under this Act shall be exempt from payment of court-fees.

رسوم عدالت سے استثناء۔

دفعہ ۲۵۔ قانون ہذا کے بہ موجب جس قدر درخواستیں پیش ہوں گی وہ بلا اخذ رسوم عدالت

(*Translation*)

پیش ہوسکیں گی۔

26. (1) On the report of a taluq Magistrate, the District Magistrate may sanction to the extent of twenty five rupees towards expenditure to be incurred for the construction and repairs of pounds from the head of fines and the Sessions Court upto fifty rupees and the High Court upto one hundred and fifty rupees.

Powers.

اختیارات۔ دفعہ ۲۶۔ (۱) تعمیر و ترمیم کٹھگر کے واسطے ناظم فوجداری تعلقہ کی رپورٹ پر وصول شدہ زرجرمانہ کی گنجایش سے ناظم فوجداری ضلع (۲۵) تک اور صدر عدالت (۵۰) تک اور عدالت العالیہ (۱۵۰) تک اخراجات کی اجازت دے سکتی ہے۔

(2) When the amount of fine accumulates, the High Court may sanction the appointment of a pound-keeper or attendant on a suitable salary.

(۲) جرمانہ کی رقم جمع ہونے کی صورت میں بہ مشاہرہ مناسب عدالت العالیہ کسی محافظ یا خدمتی کٹھگر کے تقرر کی منظوری دے سکتی ہے۔

(3) The High Court and the Court of Session may call for and inspect any file and issue necessary instructions.

(۳) عدالت العالیہ اور عدالت سشن کو اختیار ہوگا کہ کسی مثل کو طلب کرکے ملاحظہ فرمائے اور حکم مناسب صادر کرے۔

(4) The High Court may, whenever necessary, depute any officer or

(۴)۔ عدالت العالیہ مجاز ہوگی کہ بہ صورت

clerk in a village or taluq, in order to inquire into any important matters and make necessary arrangements and may pass suitable orders.

ضرورت کسی عہدہ دار یا اہلکار کو موضع یا تعلقہ میں ضروری امور کی تحقیقات و انتظام کے لئے روانہ کرے اور مناسب احکام صادر کرے ۔

High Court may make rules.

27. The High Court may make rules for the purposes of this Act. Such rules shall *inter alia* relate to the following matters :—

عدالت العالیہ قواعد مرتب کرے گی ۔

دفعہ ۲۷ ۔ مجلس عالیہ عدالت قانون ہذا کی اغراض کے لئے قواعد مرتب کر سکے گی ۔ ایسے قواعد منجملہ اور امور کے حسب ذیل امور کے متعلق ہوں گے ۔

(1) the circumstances in which and the conditions subject to which unauthorised jagirdars shall exercise the right of establishing Kondwadas and enjoy the income accruing therefrom ;

(۱) ۔ جاگیرداران غیر مقتدر کو قیام کونڈواڑہ کی جو اجازت اور اس کی آمدنی سے مستفید ہونے کا جو حق ہے وہ کن صورتوں میں اور کن شرائط کے ساتھ استعمال کیا جا سکے گا ۔

(2) the forms of registers and statements and their amendment and cancellation ;

(۲) ۔ رجسٹرات اور تختہ جات

*(Translation)*

(3) the interrogatories for the inspection of offices of police patels ;

(4) rules relating to supervision of pounds.



کے نمونہ جات اور ان کی ترمیم و تنسیخ

(۳) ـ سوالات تنقیح دفتر کوتوالی پٹیلان ـ

(۴) ـ قواعد نگرانی کھٹکر ـ